Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ
بحکم اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳ ذی الحجہ ۱۳۵۶ھ مطابق ۵ فروری سنہ ۱۹۳۸ء جلد

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	ممانعت شکار و نگرانی از صیغہ مال و پولیس بمقامات اطراف جوہڑ چیلی - دبدبہ - موتی جھیل - گم جیا - ملک خانم جاندی - کہتا کھیڑا وغیرہ	۲	۳	منظوری نفاذ قانون قبضہ آراضی ریاست رامپور از یکم جنوری ۱۹۳۸ء	۴
۲	منظوری بموجب قرارداد اسٹیٹ کونسل بابت تصفیہ اضافہ و ترقی گریڈ ملازمان ادنیٰ و عملہ کل اسٹاف	״	۴	منظوری مستقلی برملازمت عبدالحمید خاں علاقہ دار	״

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری رخصت علالت مولوی داؤد صاحب پروفیسر عربی مدرسہ عالیہ	۵
۲	״ فارم مستقلی	״
۳	منظوری تقرر عارضی پیڈ ورٹس بجگہ رجسٹری	۶
۴	״ گریڈ انسپکٹر صاحب مدارس	״

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم: واقع ۳۰ جنوری ۱۹۳۸ء

بدولت واقبال عنقریب شکار کھیلیں گے۔ تا صدور حکم ثانی حسب ذیل مقامات پر شکار کی ممانعت کیجاتی ہے محکمہ مال اور پولیس سے نگرانی رکھی جائے۔ آج ہی بذریعہ ٹیلیفون محکمہ مال اور پولیس سے تحصیلات اور تھانہ جات متعلق کو اطلاع دیجائے اور چوکیدار متعین کئے جائیں جنگل اطراف وجوانب چیلی۔ ڈہبہ۔ توتی جیس۔ گھم چیا ملک خانم۔ چاندی۔ کھانڈی کھیڑہ۔ بہائی کھیڑہ وغیرہ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ اور صیغہ مال سے شوگر فیکٹریز کو بھی اطلاع دیجائے

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم: واقع یکم فروری ۱۹۳۸ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب قرارداد اسٹیٹ کونسل تجویز تصفیہ اضافہ وترقی گریڈ ملازمان اردلی وکلریکل اسٹاف کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہذا مع کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ یکم فروری ۱۹۳۸ء

دستخط نثار عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — مہرسانم

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز متعلق تصفیہ اضافہ وترقی گریڈ ملازمان اردلی وکلریکل اسٹاف کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۸ء میں پیش ہوئے۔ کونسل نے اس بارہ میں جو امور طے کئے اُن کی تفصیل قرارداد منسلکہ میں درج ہے۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور معلیٰ میں پیش ہیں۔ رُتجواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ والا سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال جاوید باد۔

عرضی — دستخط رتجواہ دولت نثار عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۳۰ جنوری ۱۹۳۸ء

قرارداد اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۸ء

دربارہ تصفیہ مسئلہ اضافہ وترقی گریڈ ملازمان۔

اس اجلاس میں ملازمان کے اضافہ تنخواہ اور اُن کے ایک گریڈ سے دوسرے گریڈ میں ترقی پانے کی تجاویز مرتبہ فائنانس ڈپارٹمنٹ پیش ہو کر غور وخوض کے بعد ذیل کی قرارداد قابل منظوری قرار پائی۔

۱۔ ملازمان اردلی:

ان ملازمان کا موجودہ گریڈ (دائرہ ترقی) حسب تفصیل تحت ہے:

(الف) چپراسی وسپاہی	سے ماہوار
(ب) دفتری اردلی وسائیکل سوار	لعہ ؍؍
(ج) جمعدار	عے ؍؍
(د) ڈاکوریان وسپاہیان منفصلات	عہ ؍؍

(۶) سپاہیان علاقہ خام [illegible] ماہوار

طے پایا کہ ان کا موجودہ گریڈ بدستور برقرار رکھا جائے اور من ملازمان ہونے کی تعداد صیغہ وار معین کیجائے۔ جگہ خالی ہونے پر ایک گریڈ سے دوسرے گریڈ میں ترقی دیجائے۔ اور یہ ترقی اہلیت اور ملازمت میں سینیر ہونے کے اعتبار سے دیجائے تمام جدید تقرر گریڈ ( ) کی ابتدائی تنخواہ پر کئے جائیں۔

(۷) اہلکاران دفاتر۔

گریڈ کمیٹی نے اہلکاران دفاتر کی تقسیم ذیل کے دائرہ میں ترقی اور ان کے تحتی مدارج پر ششں رکھی ہے۔

(i) اسسٹنٹ کلرک۔ [illegible]
(ii) کلرک۔ [illegible]
(iii) سینیر کلرک [illegible]
(iv) سپرنٹنڈنٹ۔ [illegible]

طے پایا کہ

(الف) ایک گریڈ کے اندر ملازم کو اسکی تدریجی ترقی میعادوار دیجائیگی۔ یہ اضافہ یا تو جگہ خالی ہونے پر مل سکیگا۔ ورنہ ہر پانچواں سال گذرنے پر دیا جائے گا۔ یہانتک کہ اس گریڈ کی مقررہ انتہائی تنخواہ پوری ہو جائے۔

(ب) ایک گریڈ سے اوپر کے دوسرے گریڈ میں ترقی اسوقت ممکن ہوسکے گی جبکہ اوپر کے گریڈ میں کوئی جگہ خالی ہو اور یہ ترقی انتخاب کے ذریعہ دیجائے گی۔

(ج) تمام جدید تقرر اسسٹنٹ کلرک کی ابتدائی تنخواہ گریڈ پر کئے جائینگے لیکن اگر اہلکاران کو درجہ بدرجہ ترقی دینے سے کسی آسامی کا پُر کیا جانا ممکن نہ ہوسکے تو ایسی حالت میں جو تقرر خالی آسامی پر کیا جائے وہ آسامی گریڈ کی ابتدائی تنخواہ پر ہونا چاہئے۔

(د) ایک ہی منسٹر کے تحت جس قدر صیغہ جات ہوں اُنمیں ملازمان کے باہمی تبادلے اور اضافے عالیمرتبت منسٹر صاحب بہادر متعلق کی منشاء و تجویز کے مطابق ہوں گے۔ جسطرح جو دو صیغہ دو عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کے ماتحت ہوں انمیں اسی قسم کے تبادلوں کے لئے ہر دو عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کا اتفاق رائے ضروری ہوگا۔

(ہ) جن اہلکاران کی تنخواہیں گریڈ کمیٹی کے گذشتہ تصفیہ کے بموجب گریڈ میں داخل ہونے سے رہ گئی تھیں۔ اونکی موجودہ تنخواہوں میں اس حد تک اضافہ کیا جائے کہ وہ تنخواہیں درجہ گریڈ تک پہونچ جائیں لیکن اس قسم کے اضافوں سے اگر ایک گریڈ سے دوسرے گریڈ میں پہونچنے کی شان پیدا ہو تو اس کے لئے عالیمرتبت منسٹر بہادر انچارج کی خصوصی سفارش متصور ہوگی۔ اوپر کے گریڈ کے لئے ترقی نامنظور ہو جانے کی حالت میں اہلکار متعلق کی تنخواہ اپنے موجودہ گریڈ کی انتہائی تنخواہ شمار ہوگی اور بقیہ تنخواہ اہلکار کا ذاتی مشاہرہ متصور ہوگی۔

(و) جو کاغذات اضافہ صیغہ فائنانس میں اسوقت تصفیہ طلب موجود ہیں ان کو کونسل کی اس قرارداد کے مطابق طے کیا جائے۔

عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر۔ عالیمرتبت جملہ منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں اطلاع دینگے کہ جتنا اور جس قدر عملہ اپنے صیغہ جات ماتحت کے لئے صاحبان موصوف کے نزدیک ضروری سمجھا جائے۔ اسکی ایک فہرست مرتب کرکے ارسال فرمائیں یعنی ہر عالیمرتبت منسٹر بہادر اپنے صیغہ جات ماتحت کی ایسی فہرست مرتب فرمائیں جسمیں جتنے اسسٹنٹ کلرک [illegible] کے اور جس قدر کلرک [illegible] وغیرہ کے درکار ہوں اونکی صحیح تعداد دکھلائی جائے۔ اس سلسلہ میں عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر اس امر کا بھی اظہار فرمائینگے کہ اون کے ماتحت صیغہ جات میں مختلف گریڈ کے کلرکوں کے لئے کیا معیار قابلیت مقرر ہونا چاہیئے تاکہ آئندہ اضافہ اور تقرر جدید کے موقع پر کلرکوں کو یا امیدواروں کو اس معیار قابلیت کے لئے پابند قرار دیا جائے

حکم :- واقع ۲ فروری ۱۹۳۸ء

بموجب رپورٹ قانون قبضہ آراضی ریاست رامپور کا نفاذ یکم جنوری ۱۹۳۸ء یوم اشاعت گزٹ سے منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرسانہ

جناب عالی

قانون قبضہ آراضی ریاست رامپور ۱۹۳۸ء کی دفعہ (۱) ضمن ۳ میں تحریر ہے کہ "یہ ایکٹ اُس تاریخ سے جاری ہوگا جو گورنمنٹ رامپور گزٹ میں بذریعہ اشتہار کے مقرر کرے"۔ عالیجناب صاحب ریوینیو منسٹر بہادر کا معروضہ ہے کہ چونکہ اسوقت تک اسکے متعلق کوئی اشتہار جاری نہیں ہوا۔ لہذا یکم جنوری ۱۹۳۸ء یوم اشاعت گزٹ سے قانون کا نفاذ منظور فرمایا جائے۔ ترقیخواہ کو عالیجناب صاحب ریوینیو منسٹر بہادر کی تجویز سے اتفاق ہے مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم نفاذ قانون مذکور از یکم جنوری ۱۹۳۸ء شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت واقبال جاوید باد۔

ترقیخواہ دستخط عالیجناب صاحب [illegible]
معروضہ [illegible]

حکم :- واقع ۳ فروری ۱۹۳۸ء

سوالات متعلقہ ملاحظہ ہوئے حسب صراحت عرضداشت عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر عبدالحمید خاں علاقہ دار انہار کو فی الحال بدستور ملازمت پر قائم رہنے کی اجازت دیجاتی ہے۔ اگر سروس سلکشن بورڈ کی تحقیقات سے کوئی موزوں باشندہ رامپور دستیاب ہوا تو نابردہ قابل علیحدگی ہوگا۔ ورنہ اپنی ملازمت پر مستقلاً بحال رہیگا۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرسانہ

جناب عالی

بتعمیل حکم ہمایوں رقمزدہ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۷ء پانچ ملازمان کے متعلق تصدیق سکونت کی کارروائی ہوکر تین ملازمان محمد نبی خاں علی مظفر و عبدالحفیظ بوجہ ثبوت سکونت رامپور ملازمتوں پر بحال رہے ہیں۔ محمد بیگ بوجہ ثبوت سکونت علاقہ غیر علیحدہ ہوئے عبدالحمید خاں علاقہ دار انہار کے بارہ میں کارروائی تحقیقات مکمل نہونے کے باعث اجلاس ہمایوں سے بحکم معدورہ ۲۰ جنوری ۱۹۳۸ء مہلت عطا ہوئی تھی۔ چنانچہ سروس سلکشن بورڈ نے بعد تحقیقات [illegible] سے نابردہ کو باشندہ ضلع غیر تسلیم کیا۔ رپورٹ سروس سلکشن بورڈ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳۱ جنوری ۱۹۳۸ء میں پیش ہوئی۔ عالیجناب صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس نے جلسہ کونسل میں سفارش کی کہ علاقہ داری انہار کے لئے کوئی دوسرا مقامی شخص موزوں دستیاب نہیں ہوتا اسلئے نابردہ کو بدستور ملازم رہنے کی اجازت عطا فرمائی جائے۔ کونسل نے سفارش مذکورہ سے اتفاق کرتے ہوئے تجویز کیا کہ اسبارہ میں سروس سلکشن بورڈ عہدہ مذکور کے لئے کوئی موزوں باشندہ رامپور تلاش کرکے نتیجہ تحقیقات سے صیغہ متعلقہ کو مطلع کرے۔ بنابراں ترقیخواہ مستدعی ہے کہ نابردہ کو فی الحال بدستور ملازمت پر قائم رہنے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے اگر بورڈ کی تحقیقات سے کوئی موزوں باشندہ رامپور دستیاب ہوا تو نابردہ قابل علیحدگی ہوگا۔ ورنہ اپنی ملازمت پر مستقلاً بحال رہیگا۔ زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقیخواہ دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۲ فروری ۱۹۳۸ء

آرڈرزان کونسل رامپوراسٹیٹ

آرڈران کونسل

مورخہ یکم فروری ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳۱ رجنوری ۱۹۳۸ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر بابتہ منظوری رخصت تین ماہ دس یوم مولوی سید محمد داؤد صاحب پروفیسر مدرسۂ عالیہ بصورت خاص مع سالم تنخواہ۔ بترمیم حکم کونسل مورخہ $\frac{11}{12}$ ر دسمبر ۱۹۳۷ء جس کی رو سے رخصت مذکور از ۲۲ راگست ۱۹۳۷ء تا ۳۰ ر نومبر ۱۹۳۷ء بحیثیت رخصت علالت بوضع نصف تنخواہ منظور ہوئی ہے۔ پیش ہوکر واضح ہوا کہ پروفیسر صاحب کی استدعا ہے کہ بلحاظ خدمات سرکاری انکو ایام تعطیلات کلاں سے استفادہ کا موقع نہیں ملا۔ اسی سبب سے قبل ازیں سالم تنخواہ پر رخصتیں منظور ہوتی رہی ہیں اتنی طویل رخصت کا پہلا موقع ہے۔ جو محض علالت کے باعث رونما ہوا۔ لہذا حسب عمل قدیم بصورت خاص پوری تنخواہ پر رخصت موصوف قابل منظوری ہے۔

طے پایا کہ:۔

(۱) اس مرتبہ ۲۲ راگست ۱۹۳۷ء سے ۳۰ ر نومبر ۱۹۳۷ء تک کی رخصت بجائے نصف تنخواہ کے پوری تنخواہ پر بصورت خاص بترمیم حکم کونسل مورخہ ۱۳ ر دسمبر ۱۹۳۷ء منظور کیجاتی ہے

(۲) آئندہ کسی ملازم ریاست کی رخصت جب تک کہ قواعد رخصت کے ماتحت اس کو استحقاق رخصت پیدا نہ ہو منظور نہیں کی جائے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ مثل منفصلہ سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ داخل محافظ خانہ کیجائے

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل — دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران کونسل

واقع یکم فروری ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳۱ رجنوری ۱۹۳۸ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر بابت منظوری فارم مجوزہ برائے منتقلی رقوم صیغہ جات ریاست پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

برائے منتقلی رقوم منسلکہ فارم منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل حکم ہذا کی مع نقل فارم منسلکہ درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل — دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

درخواست منتقلی در بجٹ .... سال ۱۹ء

نام صیغہ مع نمبر جس میں منتقلی درکار ہے	رقم بجٹ شدہ منظورہ	رقم جو اس وقت تک صرف ہو چکی یا منتقل ہو چکی	آئندہ مصارف تا اختتام سال	رقم منتقلی کمی جس کی ضرورت ہے	نام صیغہ مع نمبر جس سے منتقلی مقصود ہے	رقم جو ختم سال تک بجٹ منظورہ سے کم خرچ ہوگی	رقم برائے منتقلی	وجوہ ضرورت منتقلی (خانہ ۵) و توقع بچت (خانہ ۷) مع دیگر کیفیت جو ضروری ہو
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

آرڈر ان کونسل

واقع یکم فروری ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳۱ر جنوری ۱۹۳۸ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر بابتہ تقرر عارضی ایک اپرنٹس بشاہرہ دس روپیہ برائے دو ماہ بسلسلہ رخصت عبدالباسط محرر رجسٹری بغرض انجام دہی خدمات متعلقہ محرر مذکور پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب اتفاق فائنانس۔ برائے انجام دہی کار متعلقہ عبدالباسط محرر رجسٹری ایک اپرنٹس کا عارضی تقرر بشاہرہ دس روپیہ دو ماہ کے لئے منظور کیا جاتا ہے۔ مبلغ بیس روپیہ برائے ادائگی تنخواہ اپرنٹس۔ مد الاؤنس کارکردگی ملازمان بجٹ فائنانس سے بجٹ رجسٹری صدر کی مد شاہرات میں منتقل کئے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط جناب سکریٹری صاحب اسٹیٹ کونسل   دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر صاحب

آرڈر ان کونسل

واقع ۳ر فروری ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳۱ر جنوری ۱۹۳۸ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر بابت منظوری عطائے گریڈ عہدہ انسپکٹر مدارس بہ سید اسرار حسین صاحب موجودہ انسپکٹر مدارس شاہرہ ۱۰۰ر ماہوار پیش ہو کر طے پایا کہ :-

موجودہ انسپکٹر صاحب مدارس کو یوم تقرر سے اس حالت میں گریڈ دیا جانا منظور ہے۔ جب کہ انہوں نے دیگر شرائط کو پورا کر لیا ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط جناب سکریٹری صاحب اسٹیٹ کونسل   دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر صاحب